SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# Press Release

**May 19, 2017**

## ایس ای سی پی فیکلٹی ڈیویلپمنٹ پروگرام کے تحت کراچی میں تربیتی نشست

اسلام آباد، ۱۹ مئی : اسلام آباد اور لاہور میں کامیاب تربیتی نشستوں کے انعقاد کے بعد سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن پاکستان نے کراچی میں دوروزہ فیکلٹی ڈیویلپمنٹ پروگرام کا انعقاد کیا۔ پروگرام ایچ ای سی، عالمی بینک اور یو کے ایڈ کے تعاون سے منعقد کیا گیا۔ کراچی اور ملحقہ شہروں کی پندرہ یونیورسٹیوں کے اساتذہ نے پروگرام میں شرکت کی۔

یہ پروگرام سرمایہ کاروں کی آگہی کے لئے ایس ای سی پی کی کاوش کا حصہ ہے جس کے تحت ملک بھر میں متعدد سیشنز منعقد کئے جا چکے ہیں۔ مذکورہ پروگرام کا مقصد یونیورسٹی اساتذہ کو ایس ای سی پی کے منضبط مالیاتی شعبوں کے بارے بہتر آگہی فراہم کرنا اور سرمایہ کاروں کے لئے میسر سرمایہ کاری کے امکانات سے روشناس کرواناتھا۔ سرمایہ کاروں کو محفوظ سرمایہ کاری سے آگاہ کرنے اور مالیاتی دھوکہ بازیوں سے بچانے کے لئے متعلقہ معلومات کی تشہیر کلیدی اہمیت کی حامل ہے۔

جے ایس انویسٹمنٹس لمیٹڈ، عارف حبیب ڈولمین ریٹ مینجمنٹ لمیٹڈ، جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ، میزان بینک لمیٹڈ، جے اے ایس بی اینڈ ایسوسی ایٹس، پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج لمیٹڈ، نائل کیپٹل (پرائیویٹ) لمیٹڈ اور کور ایڈوائزرز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے تعاون سے منعقدہ اس سیمینار میں میوچل فنڈز، رضاکارانہ پنشن سکیموں، سرمایہ کاری کی ایڈوائزری، ریٹس، انشورنس، کمپنیوں کی تشکیل، کماڈٹی مارکیٹس، ایکویٹی اور کیپٹل مارکیٹس، تابعِ شریعت سرمایہ کاریوں اور پرائیویٹ ایکویٹیز کے بارے میں آگہی فراہم کی گئی۔

مقررین نے متعلقہ شعبوں میں مواقع، خطرات، خوبیوں اور خامیوں پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ ان کا کہنا تھا کہ سرمایہ کاری کرنے کے لئے ضروری ہے کہ آپ کے پاس تمام ضروری معلومات ہوں۔ سوال و جواب کی نشست میں اساتذہ نے مقررین سے پُر مغز سوالات کئے۔ انھوں نے اپنی یونیورسٹی میں ایسے آگہی سیشنز منعقد کرنے اور اس ضمن میں ایم او یوز کرنے کی خواہش کا اظہار بھی کیا۔

انسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن کراچی، لاہور سکول آف اکنامکس، ایس زیبسٹ حیدر آباد، اقرا یونیورسٹی، ہمدرد یونیورسٹی، یونیورسٹی آف تُربت، بہاؤالدین ذکریا یونیورسٹی، اسرا یونیورسٹی حیدر آباد، جناح یونیورسٹی برائے خواتین، انسٹی ٹیوٹ آف بزنس اینڈ ٹیکنالوجی، انسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن، سکھر، سندھ مدرستہ الاسلام یونیورسٹی، مہران یو ای ٹی، فاسٹ سکول آف مینجمنٹ اور گرینج یونیورسٹی کے تدریسی عملہ نے تربیتی نشست میں شرکت کی۔

ایس ای سی پی کوشاں ہے کہ ایچ ای سی کے ساتھ مل کر پاکستان میں اساتذہ کو پاکستان کی مالیاتی مارکیٹس کے بارے میں زیادہ بہتر تیار کر کے ان مارکیٹوں کے بارے میں معلومات اور آگہی کو فروغ دیا جائے۔ اس ضمن میں ایس ای سی پی نے عالمی بینک کے تعاون سے ایک جامع پروگرام اور ایک تفصیلی ٹُول کٹ تیار کی ہے جو شرکا کی مسلسل معاونت کے لئے انہیں فراہم کی جاتی ہے۔